نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی سفید مکھی کے تدارک کیلئے حکمت عملی جاری کر دی

لاہور: یکم جولائی2026: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کپاس کے کاشتکار سفید مکھی کے تدارک کیلئے اگیتی فصل کی خاص طور پر ہفتے میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور کپاس کی فصل کے کھیت اور اسکے ارد گرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں۔ اس کے علاوہ متبادل میزبان فصلات پر سفید مکھی کا بر وقت تدارک کریں۔ کاشتکار کپاس کی فصل کو پانی کی کمی ہر گز نہ آنے دیں اور فصل کی ضرورت اور موسمی حالات کے مطابق آبپاشی کریں۔ سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے 20 پیلے چپکنے والے کارڈز فی ایکڑ لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے کے بعد چپکنے والا گلو دوبارہ لگائیں۔ سفید مکھی کے نقصان کی معاشی حد 5 بالغ یا بچہ یا دونوں ملا کر فی پتہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ کاشتکار ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں اور سپرے سے پہلے سپرے مشین کی کیلی بریشن کریں۔ سپرے کیلئے ترجیحاً ہالو کون نوزل / پاور سپریئر کا استعمال کریں۔

☆☆☆☆